☆ ایک معیاری/اچھی تدریس کی خصوصیات۔طلبا کو مطلوبہ معلومات دینا، رہنمائی کرنا، منتخب باتوں کا علم دینا، ہمدردی کرنا، تعاون کرنا، جمہوری اور ترقی پذیر بنانا ہے۔

☆ تدریس کے اہم اصول۔آمادگی، انتخاب، زندگی سے مربوط، خود کر کے سیکھنا، تقسیم اور اعادہ کے اصول ہیں۔

☆ تدریس کے اقدامی اصول سبق کو دلچسپ، واضح اور کامیاب بناتے ہیں۔ان میں معلوم سے نامعلوم کی طرف، آسان سے مشکل کی طرف، ٹھوس سے مجرد کی طرف، غیر معین سے معین کی طرف، غیر واضح سے واضح کی طرف، خاص سے عام کی طرف، منطقی ترتیب اور نفسیاتی ترتیب کا لحاظ اہم ہیں۔

☆ ابتدائی جماعت سے لے کر اعلیٰ جماعت تک کی تدریس میں مختلف طریقۂ کار استعمال کئے جاتے ہیں۔جن میں کھیل کھیل کا طریقہ، کہانی کا طریقہ، سوال و جواب کا طریقہ، لکچر کا طریقہ، اداکاری کا طریقہ، بحث ومباحثہ کا طریقہ، منصوبائی طریقہ، استقرائی واستخراجی طریقہ اہم ہیں۔

## 3.10 اپنی معلومات کی جانچ

1۔ تدریس کے مفہوم کو مختلف تعریفوں کی مدد سے واضح کیجئے۔

2۔ تدریس کی اہمیت وافادیت اجاگر کیجئے۔

3۔ ایک معیاری تدریس کی خصوصیات بیان کیجئے۔

4۔ تدریس کے مختلف اصولوں کو قلم بند کیجئے۔

5۔ تدریس کے مختلف طریقۂ کار کو مختصراً بیان کیجئے۔

6۔ ثانوی سطح کے طلبا کو پڑھاتے وقت آپ کون سا تدریسی طریقہ اختیار کریں گے۔اور کیوں؟

7۔ لکچر طریقۂ کار کی خوبیوں اور خامیوں کا احاطہ کیجئے۔

8۔ استقرائی اور استخراجی طریقۂ کار کے درمیان فرق کو واضح کیجئے۔

## 3.11 سفارش کردہ کتابیں


معین الدین ۔ اردو زبان کی تدریس

سلیم عبداللہ ۔ اردو کیسے پڑھائیں

سید جلیل الدین ۔ طریقۂ تدریس اردو

ڈاکٹر سلامت اللہ ۔ ہم کیسے پڑھائیں

احمد حسین ۔ تدریس اردو

نجم السحر وصابرہ سعید ۔ تدریس اردو